دسمبر 2011

# تحفظ

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کا جریدہ (صرف کارکنان کے لیے)

## ملازمین خلوصِ نیت اور لگن سے فرائض منصبی ادا کریں، شاہد عزیز صدیقی

### چارٹر آف ڈیمانڈ، ایمپلائز فیڈریشن اور انتظامیہ کے مابین مذاکرات کی افتتاحی تقریب، ادارے کی ترقی کے عزم کی تجدید






پرنسپل آفس کراچی میں منعقدہ اسٹیٹ لائف ایمپلائز فیڈریشن اور انتظامیہ کے مابین چارٹر آف ڈیمانڈ، مذاکرات کے موقع کی تصویری جھلکیاں۔ چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی نے چارٹر آف ڈیمانڈ کی افتتاحی تقریب کے دوران فیڈریشن کے نمائندوں اور سینئر مینجمنٹ سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملازمین اپنے فرائض دل جمعی کے ساتھ ادا کریں۔ ادارے کی ترقی میں ملازمین کی خوش حالی مضمر ہے۔ اس موقع پر مقررین نے اسٹیٹ لائف کی ترقی و استحکام کے لیے ہر ممکن کوشش کے عزم کا اعادہ کیا۔

## قابلِ تحسین کارکردگی کی مثال



لاہور ویسٹرن زون کے سربراہ جناب محمد داؤد ناصر، محمد عمر کوان کے والد کے انتقال پر ڈیتھ کلیم کی مد میں مبلغ ایک کروڑ 43 لاکھ 66 ہزار 666 روپے کا چیک دے رہے ہیں

- پاکرا کی جانب سے تیسرے سال بھی ٹرپل اے ریٹنگ کا اعلان
- نئی بیمہ پالیسی اسٹیٹ لائف کمیٹی پالیسی کا اجرا
- جناب اذکار خان، مارکیٹنگ ڈویژن کے نئے سربراہ
- اسٹیٹ لائف فیلڈ ورکرز فیڈریشن کی تقریب حلف برداری کا احوال


تفصیلات اندرونی صفحات پر

## فرمانِ الٰہی




اے لوگو جو ایمان لائے ہو، تمہارے مال اور تمہاری اولادیں تم کو اللہ کی یاد سے غافل نہ کر دیں۔ جو لوگ ایسا کریں وہی خسارے میں رہنے والے ہیں۔ جو رزق ہم نے تمہیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرو، قبل اس کے کہ تم میں سے کسی کی موت کا وقت آ جائے، اس وقت وہ کہے کہ "اے میرے رب، کیوں نہ تو نے مجھے تھوڑی سی مہلت اور دے دی کہ میں صدقہ دیتا اور صالح لوگوں میں شامل ہو جاتا۔"
(سورۃ المنافقون آیات 9-10)

## فرمانِ رسولؐ




رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جس شخص کو اللہ نے مال دیا اور پھر اس نے زکوٰۃ ادا نہیں کی تو اس کا مال قیامت کے دن نہایت زہریلے سانپ کی شکل اختیار کرے گا جس کے سر پر دو سیاہ نقطے ہوں گے (یہ انتہائی زہریلے ہونے کی علامت ہے) اور وہ اس کے گلے کا طوق بن جائے گا۔ پھر اس کے دونوں جبڑوں کو یہ سانپ پکڑے گا اور کہے گا "میں تیرا مال ہوں، میں تیرا خزانہ ہوں۔" (صحیح بخاری)

## قائداعظمؒ نے فرمایا



مملکت کا فرض اکثر تقاضا کرتا ہے کہ ہم اپنے ذاتی، مقامی یا صوبائی مفادات کو مفاد عامہ کے تابع کرنے کے لیے ہمہ وقت تیار رہیں، مملکت کا فرض پہلے ہے اور اپنے صوبے، اپنے ضلع، اپنے قصبے اور اپنے گاؤں کا فرض بعد میں آتا ہے۔ یاد رکھیے! ہم ایک ایسی مملکت کی تعمیر کر رہے ہیں جو پوری اسلامی دنیا کی تقدیر بدل دینے میں اہم ترین کردار ادا کرنے والی ہے۔ (اسلامیہ کالج، پشاور 12 اپریل 1948)

## فرمودۂ اقبالؒ



تجھے کیوں فکر ہے اے گُل، دلِ صد چاکِ بلبل کی
تُو اپنے پیرہن کے چاک تو پہلے رفو کر لے

تمنا آبرو کی ہو اگر گلزارِ ہستی میں
تو کانٹوں میں اُلجھ کر زندگی کرنے کی خو کر لے

(بالِ جبریل)

خیال و افکار

# آسماں تیری لحد پر شبنم افشانی کرے

وہ میرا ساتھی تھا، دوست تھا۔

ملازمت پر عموماً ساتھ کام کرنے والے محض ساتھی ہوتے ہیں۔ ان کا دوست بن جانا محض اتفاق نہیں ہوا کرتا، کچھ خصوصیات ہوتی ہیں کردار میں اور عمل میں جو کسی کو دوسروں کے قریب بھی کر دیتی ہیں اور بعض اوقات دور بھی......

اور اس میں وہ تمام خوبیاں تھیں جو ایک اچھے ساتھی میں ہونی چاہئیں۔ وہ تمام خصوصیات جو کسی کو دوستی کے انمول رشتے میں منسلک ہونے پر مجبور کر دیتی ہیں۔

کم و بیش 25 برس کا ساتھ رہا مگر کبھی بھی ایسا نہ ہوا کہ ہمارے درمیان شدید قسم کا اختلاف ہوا ہو۔ کسی اہم پیشہ ورانہ ذمہ داری کو نبھاتے ہوئے ہم انانیت کا شکار ہوئے ہوں۔ ہمیشہ پروفیشنل سوچ اپنا کر کبھی اس نے مجھے قائل کر لیا یا پھر میں نے دلیل کی طاقت سے اپنی بات منوالی۔ کبھی کوئی اہم دفتری فیصلہ کسی رنجش یا دکھ پر منتج نہ ہوا۔ ہمارا یہ شعبہ...... خواہ اے اے اینڈ ایس پی کہا گیا یا سی ڈی کے نام سے پکارا گیا۔ ہمیشہ ہمارے ٹیم ورک کے باعث داد و تحسین بھی پاتا رہا اور سینئر انتظامیہ کو کبھی کوئی شکایت بھی نہ ہوئی۔

بہت کم گو، نہایت خوش پوش اور بے پناہ پروفیشنل معلومات رکھنے والا میرا یہ ساتھی، میرا دوست، محمد عارف الیاس تھا جو محض چار پانچ مہینے کے قلیل عرصہ میں شدید بیماری کا شکار ہو کر ہمیں داغِ مفارقت دے گیا۔

اس کی اچانک موت سے جہاں اسٹیٹ لائف اور ہم سب ایک شفیق انسان اور ماہر افسر، ایک نہایت مثالی دوست اور رفیقِ کار سے محروم ہو گئے، وہیں اس کی شریکِ زندگی، جس کے ساتھ زندگی کے سفر میں اس کے محض چار سال ہی بیتے تھے، تنہا رہ گئی، وہ معصوم سا بیٹا جس نے اپنی عمر کے تین سال بھی ابھی مکمل کیے ہیں، باپ کی شفقت کا سایہ کھو بیٹھا۔ اس کی تین شفیق بہنیں جن کی آنکھوں کا وہ تارا تھا اور جن کی خوشیوں اور مسرتوں کے لیے وہ ہر دم ایثار و قربانی کے لیے تیار رہتا، اپنے اکلوتے بھائی سے بچھڑ گئیں۔

محمد عارف الیاس...... بہت کمسن تھا کہ والد چل بسے اور پھر وقت کے دھارے کے ساتھ عمر کی کچھ منزلیں طے کی تھیں کہ والدہ ساتھ چھوڑ گئیں۔ شاید اسی لیے وہ اپنی بہنوں کو اپنی بڑی ذمہ داری سمجھتا تھا۔ حالات کی چیرہ دستیوں کے باوجود وہ اللہ تعالیٰ کے کرم سے اپنے ہر میدان میں کامیاب ہوا۔ مگر بالآخر موت سے نہ جیت سکا۔ اس نے بڑے عزم سے اس سے بھی جنگ کی...... لیکن ہار گیا!!

اسٹیٹ لائف کارپوریٹ کمیونیکیشن ڈپارٹمنٹ کا ہر افسر اور کارکن اس کا گرویدہ تھا۔ اب وہ نہیں تو ہمارے شعبے میں اداسی کا سماں رہتا ہے۔ اب یہاں قہقہے نہیں گونجتے۔ موقع و محل کی مناسبت سے لطیفہ گوئی نہیں ہوتی...... اشعار نہیں پڑھے جاتے۔ اس کی نشست پر نگاہ جاتی ہے تو دل میں ایک ہول اٹھتا ہے۔

عارف! تم اس قدر اچانک کیوں ہمیں تنہا کر گئے؟ تمہاری موت کا یقین نہ آتا اگر یہ خبر کسی اور سے سنی ہوتی............ اگر ہم سب نے مل کر تمہاری میت کو کندھا نہ دیا ہوتا۔

پوری ایڈورٹائزنگ انڈسٹری تمہاری موت پر دل گرفتہ ہے۔ اب بھی تمہارے لیے فون آتے ہیں، تمہارے نام پر اخبارات اور الیکٹرانک میڈیا سے خطوط آتے ہیں۔ اب بھی میں شعبہ کی ڈاک آگے بڑھاتے ہوئے بے ساختہ تمہارا نام لکھ دیتا ہوں۔ شاید یہ نام ہمارے دلوں پر نقش ہو چکا ہے جو کبھی نہیں مٹے گا۔ شاید تمہاری جگہ کوئی اور نہ لے پائے گا......

آسماں تیری لحد پر شبنم افشانی کرے

(آمین)

ایڈیٹر
happy.fle2175@yahoo.com

مدیر: مظفر احمد (اسسٹنٹ جنرل منیجر)
نائب مدیر: محمد اعظم شاکر
ادارتی مشاورت: ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی، محمد ناصر
نمائندہ سینٹرل ریجن: عبدالحفیظ انجم
ترسیل: ناصر جاوید

رابطہ: ایڈیٹر تحفظ، کارپوریٹ کمیونیکیشنز ڈپارٹمنٹ، پرنسپل آفس، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 9، ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ، پوسٹ بکس نمبر 5725، کراچی 75530
ٹیلی فون نمبر: 99202819(021)

لے آؤٹ ڈیزائن: آرگس ایڈورٹائزنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ

تحفظ کا شمارہ اسٹیٹ لائف کی ویب سائٹ www.statelife.com.pk پر بھی ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

مختصر خبریں

# اسٹیٹ لائف کے لیے پاکرا کی جانب سے ٹرپل اے ریٹنگ برقرار

## کارپوریشن کو مستحکم کاروبار کی بدولت مالی خطرات کا کوئی خدشہ نہیں

پاکستان کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی (پاکرا) نے اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان کو مسلسل تیسرے برس بھی پیشہ ورانہ بہترین اہلیت کی حامل کارپوریشن قرار دیتے ہوئے ٹرپل اے ریٹنگ کے اعزاز کو برقرار رکھا ہے۔ پاکرا کے جاری کردہ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ اسٹیٹ لائف کو اپنے مستحکم ترین کاروبار کی بدولت مالی نقصانات کا کوئی اندیشہ نہیں اور اپنے بہترین نیٹ ورک، مربوط نظام کار، مستحکم سرمایہ کاری پورٹ فولیو اور جاری کردہ بیمہ پالیسیوں پر حکومتِ پاکستان کی ضمانت کے باعث اسٹیٹ لائف اپنے بیمہ داروں کے لیے نہایت نفع بخش ادارہ ہے۔ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ ادارہ بیمہ داروں کے ساتھ طے شدہ معاہدوں کی پاسداری کی حد درجہ اہلیت رکھتا ہے۔ اسٹیٹ لائف کے چیئرمین شاہد عزیز صدیقی نے پاکرا کی جانب سے کارپوریشن کو ملنے والی ٹرپل اے ریٹنگ کی تجدید پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے بیمہ داروں کے اعتماد کا شکریہ ادا کیا ہے اور اپنی مینجمنٹ اور مارکیٹنگ فورس کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔

## ہیلتھ اینڈ ایکسیڈنٹ انشورنس ڈویژن کا قیام

پرسونل اینڈ جنرل سروسز ڈویژن کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق اسٹیٹ لائف کے پرنسپل آفس میں فوری طور پر "ہیلتھ اینڈ ایکسیڈنٹ انشورنس ڈویژن" کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ جنرل منیجر و ڈویژنل ہیڈ (جی اینڈ پی) جناب ندیم عیسی موجودہ ذمہ داریوں کی انجام دہی کے ساتھ مذکورہ ڈویژن کے کاموں میں ہیلتھ انشورنس پروڈکٹ کی مارکیٹنگ، پالیسی ایڈمنسٹریشن، کلیم ایڈمنسٹریشن اور نیٹ ورک مینجمنٹ کی فراہمی کی اضافی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔

## ڈاکٹر مغل بیگ ڈی جی ایم (پی اینڈ جی ایس) تعینات



پی اینڈ جی ایس ڈویژن کے جاری کردہ آفس آرڈر نمبر پی اینڈ جی ایس/ پی او/ 246 / 2011 کے مطابق بی ایس 19 کے آفیسر ایس سی یو جی کراچی ڈاکٹر مغل بیگ نے ڈیپوٹیشن کی بنیاد پر اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن میں بطور ڈپٹی جنرل منیجر (پی اینڈ جی ایس) پرنسپل آفس کو جوائن کیا ہے۔

قبل ازیں ڈاکٹر مغل بیگ سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کراچی میں بطور سینئر میڈیکل آفیسر ٹاؤن ہیلتھ آفیسر نارتھ کراچی میں کام کر رہے تھے۔ ڈاکٹر مغل نے کراچی یونیورسٹی سے فرسٹ ڈویژن میں ہیومن ریسورس مینجمنٹ میں ماسٹر ڈگری حاصل کی ہوئی ہے۔

## اہم اعلانات

پی اینڈ جی ایس ڈویژن کے مختلف سرکلرز کے مطابق مندرجہ ذیل اعلانات آئندہ احکامات تک فوری طور پر عمل درآمد کی تاکید کی گئی ہے۔

- ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز جناب محمد یحییٰ کو لیگل افیئرز ڈویژن اور جناب شعیب میر میمن کو رئیل ایسٹیٹ ڈویژن کا اضافی چارج دیا گیا ہے۔
- جنرل منیجر و ڈویژنل ہیڈ لیگل افیئر ڈویژن جناب شیر علی خان کو ٹرانسفر کر کے ڈویژنل ہیڈ ریسرچ اینڈ اینلسز ڈویژن جبکہ ڈپٹی جنرل منیجر رئیل ایسٹیٹ ڈویژن جناب ممتاز علی کھوسو کو ڈویژنل ہیڈ لیگل افیئرز ڈویژن تعینات کیا گیا ہے۔
- ڈپٹی جنرل منیجر پی ایچ ایس ڈویژن جناب عطا محمد کو تبدیل کر کے اسٹاف ٹریننگ ڈپارٹمنٹ، پرنسپل آفس کے سربراہ کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں جبکہ اسٹاف ٹریننگ کے نگران وائس جی ایم جناب اعجاز علی زیدی کو ٹرانسفر کر کے ایف ایم ڈی پرنسپل آفس کے امور کا سربراہ بنا دیا گیا ہے۔
- ڈپٹی جنرل منیجر ایف اینڈ اے جناب محمد راشد کو فوری طور پر ڈویژنل ہیڈ (ایف اینڈ اے) ڈویژن تعینات کیا گیا ہے۔
- اے جی ایم و ڈپارٹمنٹل ہیڈ ایف ایم ڈی پرنسپل آفس جناب محمد فاروق کو ٹرانسفر کر کے پی اینڈ جی ایس (گروپ اینڈ پینشن) کراچی زون تعینات کیا گیا ہے۔
- ڈپٹی منیجر گروپ اینڈ پینشن پی او کراچی کو ٹرانسفر کر کے جی اینڈ پی کراچی زون جبکہ ایگزیکٹیو افسر جی اینڈ پی کراچی زون سید نصرت علی نقوی کو ٹرانسفر کر کے پرنسپل آفس کے شعبہ انویسٹمنٹ ڈویژن میں تعینات کیا گیا ہے۔

## کاروباری لحاظ سے سرفہرست فیلڈ ورکرز

2011ء کی پہلی ششماہی کے اعداد و شمار کے مطابق کراچی سینٹرل زون کی سیلز نمائندہ محترمہ سعیدہ افشاں ہاشمی نے سیلز نمائندوں میں ٹاپ پوزیشن حاصل کی جبکہ لاہور ویسٹرن زون کے جناب تبسم حسین اور سرگودھا زون کے جناب محمد خالد نے بالترتیب دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کی۔ سیلز آفیسرز میں سرگودھا زون کے جناب اشتیاق احمد نے پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ لاہور ویسٹرن زون کے چوہدری نصر اللہ خان دوسرے نمبر پر رہے۔ تیسری پوزیشن کراچی سینٹرل زون کے سید امجد ہاشمی کے حصے میں آئی۔ سیلز منیجرز کی کیٹگری میں ڈیرہ غازی خان زون کی مس شائستہ پروین اول، سرگودھا زون کے چوہدری مختار احمد دوئم اور فیصل آباد زون کے جناب رب نواز شاہ نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔

ادارہ "تحفظ" سرفہرست فیلڈ افسران کو مبارک باد پیش کرتا ہے اور ان کی مزید ترقی کے لیے دعا گو ہے۔

## مبارک مبارک





زیرِ نظر تصاویر ہونہار طالب علم سید دانش احمد اور ماجد جاوید کی ہیں جنہوں نے تعلیمی میدان میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔

سید دانش احمد پرنسپل آفس مارکیٹنگ ڈویژن کے اسسٹنٹ منیجر سید بشیر احمد کے بیٹے ہیں اور ماجد جاوید سرگودھا زون کے پی ایس ٹو زونل ہیڈ جناب طارق جاوید کے فرزند ہیں۔

سید دانش احمد نے بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن کراچی سے کامرس گروپ میں نمایاں پوزیشن حاصل کی اور اس کے علاوہ ارینا ملٹی میڈیا اسپیشلسٹ پروگرام میں 80 فیصد نمبر حاصل کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ جد جاوید نے فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن اسلام آباد سے ایس ایس سی کے سالانہ امتحان 2011ء میں 908 نمبر حاصل کر کے اے ون گریڈ حاصل کیا۔

اسٹیٹ لائف کی جانب سے ہم سید دانش احمد اور ماجد جاوید کی مزید کامیابیوں کے لیے دعا گو ہیں اور ان کے والدین کو مبارک باد پیش کرتے ہیں۔ باری تعالیٰ سب بچوں کو ایسے ہی اعزاز عطا فرمائے۔ آمین

- پرنسپل آفس، جنرل سروسز ڈپارٹمنٹ کے قائم مقام ڈی جی ایم جناب محمد سعید خان کی بیٹی فریال سعید کی شادی خانہ آبادی، فرحان مختار سے ہوئی۔
- منیجر (پی ایچ ایس) پرنسپل آفس سید مشتاق احمد نقوی کے بیٹے جناب فیضان عسکری کی شادی خانہ آبادی محترمہ عاصمہ بتول سے ہوئی۔
- کارپوریٹ کمیونیکیشنز ڈپارٹمنٹ کے سابق ڈپٹی منیجر جناب مجتبیٰ علی کی بیٹی آنسہ فارینہ کی شادی، جناب محتشم فاروقی سے گزشتہ دنوں کراچی میں انجام پائی۔
- پرنسپل آفس، پی اینڈ جی ایس کے نائب قاصد جناب محمد راشد گزشتہ دنوں رشتہ ازدواج سے منسلک ہو گئے۔
- کارپوریٹ کمیونیکیشنز ڈپارٹمنٹ کے نائب قاصد جناب محمد شفیق کے بھائی جناب اسرار احمد گزشتہ دنوں رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے۔

"تحفظ" درج بالا دوستوں کو مبارک باد پیش کرتا ہے اور تمام نو بیاہتا جوڑوں کے خوشیوں بھرے مستقبل کے لیے دعا گو ہے۔

کراچی سدرن زون

# کراچی سدرن زون میں سیلز منیجرز کانفرنس کا انعقاد

## ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اذکار خان کی خصوصی شرکت



ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اذکار خان کے استقبال کا منظر



اسٹیج پر ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اذکار خان، ریجنل چیف ساؤتھ جناب ایس ایچ رضا اور زونل ہیڈ جناب محمد اقبال گل تشریف فرما ہیں

گزشتہ دنوں کراچی سدرن زون کے زیرِاہتمام سیلز منیجرز کانفرنس کا انعقاد ہوا جس کے مہمان خصوصی ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اذکار خان تھے جن کا پہلی میٹنگ میں والہانہ استقبال کیا گیا۔ اس تقریب میں سیلز منیجرز کے علاوہ ایریا منیجرز، سیکٹر ہیڈز نے بھرپور شرکت کی۔



ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اذکار خان، ایریا منیجرز جناب محسن رضا، جناب دلیپ کمار، سید ساجد حسین شاہ، جناب صمد موتن اور سیلز منیجرز جناب شبیر دھیرانی، جناب صالح محمد شاہ اور جناب عباس غوری کو ان کی اعلیٰ کارکردگی پر گلدستے پیش کر رہے ہیں، اس موقع پر ریجنل چیف سدرن جناب ایس ایچ رضا، زونل ہیڈ جناب محمد اقبال گل اور دیگر نمایاں ہیں

تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ نعت رسول مقبولؐ پڑھنے کی سعادت سیلز منیجر جناب محمد تقی نے حاصل کی جبکہ اسٹیج سیکریٹری کے فرائض منیجر قاضی فواد انجام دے رہے تھے۔

اس موقع پر زونل ہیڈ کراچی سدرن زون جناب ایم اقبال گل نے حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محنت، لگن اور جذبے سے کام کریں، کوالٹی ریکروٹمنٹ پر توجہ دیں۔ ہمیں پرانی ساکھ کو بحال کرنا ہے اور ایک تاریخ رقم کرنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ کے کام میں بہتری ضرور آئی ہے تاہم ابھی بہت سی گنجائش باقی ہے۔ کاروبار میں تمام ساتھیوں کا بھرپور حصہ ہونا چاہیے۔ دوسروں کو عزت دیں، آپ کو عزت ملے گی۔ انہوں نے جناب اذکار خان کو مارکیٹنگ ڈویژن کا سربراہ بننے پر مبارک باد دی۔

ریجنل چیف سدرن جناب ایس ایچ رضا نے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کو تقریب میں خوش آمدید کہا اور جناب ایس ایچ کاظمی کی 40 سالہ خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور اس منظّم تقریب کے انعقاد پر زونل ہیڈ کو مبارک باد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ جناب اذکار خان بولڈ شخصیت کے مالک ہیں اور ان کی رہنمائی میں مارکیٹنگ فورس کے مسائل حل ہوں گے اور کاروبار میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے مارکیٹنگ افسران پر زور دیا کہ وہ اپنی اپنی ٹیموں پر توجہ دیں تاکہ جناب اقبال گل کی قیادت میں یہ زون ماڈل زون بن جائے۔

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اذکار خان نے کراچی سدرن زون میں اپنے والہانہ استقبال پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ جب میں نے اسٹیٹ لائف جوائن کیا تو کاروباری لحاظ سے کراچی کے بڑے چرچے تھے۔ پاکستان میں نمبر 1 اعلیٰ اور بلند مرتبہ کی خبریں سنا کرتے تھے تاہم آج کل کراچی سدرن زون کا مقام اس سطح پر نہیں ہے۔ آپ کو اس مقام پر واپس لانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آپ کے مسائل حل ہوں گے۔ سیلز منیجرز کارپوریشن کا مرکزی کردار ہیں۔ آپ کے کاروباری اعداد و شمار بھی حوصلہ افزا ہیں۔ تاہم ہمیں مزید آگے بڑھنا ہے بلکہ بیمہ زندگی کے پیغام کو عام آدمی تک پہنچانا ہے۔ انہوں نے جناب ایس ایچ کاظمی کی خدمات کو سراہا اور کہا کہ ان کی اچھی صحت کے لیے دعا گو ہیں۔

قبل ازیں اے جی ایم جناب خلیل اشرف، سیلز منیجر عبدالواحد اور فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن کے سیکریٹری اطلاعات جناب مصطفٰے کامل کی اہلیہ کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی۔ اس موقع پر صدر فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن جناب مظفر حسین، سیکٹر ہیڈ شیر ظفر خان، ایریا منیجرز جناب دلیپ کمار، جناب شوکت علی اور سیلز منیجر شبیر دھیرانی نے بھی اظہار خیال کیا۔ آخر میں صدر ایریا منیجرز ایسوسی ایشن جناب احسان اللہ خان نے شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور پرتکلف ظہرانے کی دعوت دی۔ (تحفظ رپورٹ)

راولپنڈی زون

# کارپوریشن کا کاروبار بتدریج بڑھ رہا ہے، اذکار خان

## راولپنڈی زون کی فیلڈفورس کو قرعہ اندازی کے ذریعے انعامات کی تقسیم




جناب اظہر حسین، جناب اذکار خان کو گلدستہ پیش کررہے ہیں




ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اذکار خان، اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے بیمہ کاروں کو انعام دے رہے ہیں



جناب اذکار خان، جناب اظہر حسین، جناب جاوید حسین، جناب زاہد حسین مرزا اور جناب اسد علی شاہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

گزشتہ دنوں راولپنڈی زون میں سابق ڈویژنل ہیڈ جناب شوکت کاظمی کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا اہتمام کیا گیا تاہم وہ علالت کے سبب اس تقریب میں شرکت نہ کرسکے جس میں پرنسپل آفس کراچی سے جناب اذکار خان، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ تقریب میں راولپنڈی زون کے سربراہ جناب اظہر حسین، تمام سیکٹر ہیڈز اور ایریا منیجرز کے علاوہ فیلڈ کے نمایاں ساتھیوں نے بھرپور شرکت کی۔

تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ تقریب کے اسٹیج سیکریٹری سیکٹر ہیڈ جناب اسد علی شاہ تھے۔ ڈویژنل ہیڈ جناب اذکار خان، زونل ہیڈ جناب اظہر حسین، زونل اکاؤنٹینٹ جناب جاوید حسین اور صدر ایریا منیجر ایسوسی ایشن زاہد حسین نے بھرپور الفاظ میں جناب شوکت حسین کاظمی کو خراج تحسین پیش کیا۔

تقریب میں بمپر انعامی مقابلہ کے تقسیم انعامات کا بھی خصوصی طور پر بندوبست کیا گیا محترم اذکار خان، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کے ہاتھوں تمام کوالیفائرز کو بذریعہ قرعہ اندازی انعامات دیئے گئے۔ جناب اذکار خان نے اپنے خطاب میں کارپوریشن کے موجودہ اعداد وشمار پر سیر حاصل گفتگو کی اور نئے انشورنس پلان ''کمیٹی پالیسی'' سے متعلق حاضرین کو اطلاعات پہنچائیں۔ مہمان خصوصی نے ایریا منیجرز کے پروموشن بطور سیکٹر ہیڈ بھی جلد کرانے کا عندیہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے مارکیٹنگ کے کام کا کوئی تجربہ نہیں ہے لیکن میں اپنے پیش رو جناب شوکت کاظمی کی محنت، لگن اور جاں فشانی سے کام کرنے کی عادت اپنا کر فیلڈ اور مارکیٹنگ ایگزیکٹیوز کے مسائل حل کرنے کی بھرپور کوشش کروں گا۔

تقریب کے اختتام پر زونل ہیڈ راولپنڈی جناب اظہر حسین نے جناب اذکار خان کو زون کی جانب سے سوونیئر اور تحائف پیش کیے۔ آخر میں تمام مہمانوں کی خدمت میں ظہرانہ پیش کیا گیا۔

# اعلیٰ کارکردگی کا اعتراف، پرتکلف عشائیہ

حسب روایات زونل سربراہ فیصل آباد زون جناب محمد رمضان شاہد کی طرف سے مذکورہ مقابلہ برائے سیلز منیجرز، ایریا منیجرز اور سیکٹر ہیڈز کا انعقاد کیا گیا جس میں تقریباً 150 کے لگ بھگ کامیاب بیمہ کار شریک ہوئے۔ اس تقریب کا انعقاد ایک پرتکلف عشائیہ پر کیا گیا تھا۔ رات کی تاریکی میں برقی قمقموں کی روشنی میں فائیو اسٹار ہوٹل کی خوبصورتی کو دیکھتے ہوئے تمام کوالیفائرز خصوصاً بیگمات اور بچوں نے بے حد خوشی محسوس کی اور تقریب کی کارروائی سے بے حد لطف اندوز ہوئے۔

جناب محمد رمضان شاہد زونل سربراہ اور مسز محمد رمضان شاہد نے انعامات تقسیم کیے۔ علاوہ ازیں تمام شرکاء کو گلدستے پیش کیے گئے۔ تقریب میں موجود تمام شرکا نے اپنی بیگمات کے ساتھ اس خوبصورت فنکشن کو بے حد سراہا اور زونل ہیڈ جناب محمد رمضان شاہد کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

زونل سربراہ نے اپنی تقریر میں تمام شرکا کا شکریہ ادا کیا اور مزید اسی طرح کے مقابلے جاری رکھنے کا اعلان کیا کہ انہیں پی سی بھور بن تک وسعت دی جائے گی۔ رپورٹ...... معظم علی معظم




زونل سربراہ جناب و مسز محمد رمضان شاہد، سب زونل ہیڈ ٹوبہ ٹیک سنگھ جناب و مسز انوار حسین کو گلدستے پیش کرتے ہوئے

اسپورٹس راؤنڈ اپ

# اسٹیٹ لائف وائٹل فائیو کلب ٹی ٹوئنٹی رمضان فیسٹیول کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد

## ٹورنامنٹ میں 16 ٹیموں نے حصہ لیا

اسٹیٹ لائف بیمہ زندگی کے پیغام کو عام کرنے کے ساتھ ساتھ کھیل، ادب و ثقافت کی صحت مند سرگرمیوں کے فروغ میں گہری دلچسپی لیتی ہے۔ اس ضمن میں اسٹیٹ لائف کھیل کے میدان میں تشہیری پالیسی کے قواعد کے مطابق خصوصاً مختلف ٹورنامنٹ میں اسپانسرشپ کے ذریعے حوصلہ افزائی کرتی رہتی ہے۔



اسٹیٹ لائف وائٹل فائیو کلب ٹی ٹوئنٹی رمضان فیسٹیول کرکٹ ٹورنامنٹ میں چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شاہد عزیز صدیقی، جناب جلال الدین، جناب صلاح الدین صلو اور دیگر کا کرکٹ ٹیم کے ہمراہ لیا گیا گروپ فوٹو

اسٹیٹ لائف وائٹل فائیو کلب ٹی ٹوئنٹی رمضان فیسٹیول کرکٹ ٹورنامنٹ بھی اسی سلسلہ کی کڑی تھی جو گزشتہ دنوں کراچی میں منعقد ہوا۔ جس کے منتظمین میں سابق ٹیسٹ بولر جناب جلال الدین، سابق ٹیسٹ کرکٹر جناب صلاح الدین صلو، جناب وقار حسین، جناب حارث خان، قومی ٹیم کے سابق کپتان جناب یونس خان، معروف اسپنر دانش کنیریا شامل تھے۔ چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شاہد عزیز صدیقی نے چیف گیسٹ کی حیثیت سے شرکت کی جبکہ ایگزیکیٹو ڈائریکٹر اسٹیٹ لائف محمد یحییٰ، وائٹل فائیو کے ڈائریکٹر جناب عطا اللہ، کے سی سی اے کے ڈائریکٹر جناب جمیل گل، کے سی سی اے کے صدر جناب سراج بخاری اور دیگر اس ٹورنامنٹ میں شریک رہے۔ واضح رہے کہ اس ٹورنامنٹ میں 16 ٹیموں نے حصہ لیا تھا جن کے چار گروپس بنائے گئے تھے۔ ہر میچ کے اختتام پر مین آف دی میچ، رنر اپ کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ اسٹیٹ لائف کے اس ایونٹ کا اہتمام کسٹمز کرکٹ اکیڈمی نے کیا تھا۔ اس ٹورنامنٹ میں وائٹل فائیو نے عمر ایسوسی ایٹس کو دو وکٹ سے شکست دے کر فائنل میں کامیابی حاصل کی۔ اس ٹورنامنٹ کو پرنٹ میڈیا کے علاوہ الیکٹرانک میڈیا نے خصوصی کوریج دی۔







چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شاہد عزیز صدیقی، رنر اپ ٹیم کے کپتان کو دو لاکھ روپے کا انعام دے رہے ہیں، دوسری جانب ٹورنامنٹ کے بہترین کھلاڑی کو انعام دیا جا رہا ہے

(تحفظ رپورٹ)

# جناب اذکار خان مارکیٹنگ ڈویژن کے نئے سربراہ



اسٹیٹ لائف کے جنرل منیجر جناب اذکار خان نے مارکیٹنگ ڈویژن میں بطور ڈویژنل ہیڈ چارج سنبھال کر اپنی ذمہ داریاں نبھانا شروع کردی ہیں۔ انہیں یہ عہدہ جناب شوکت حسین کاظمی کی ریٹائرمنٹ پر دیا گیا۔ قبل ازیں وہ فنانس اینڈ اکاؤنٹس ڈویژن میں اپنے فرائض منصبی ادا کر رہے تھے۔

جناب اذکار خان نے اپنے کیریئر کا آغاز 1995ء میں اے جی ایم زونل اکاؤنٹینٹ لاہور زون سے کیا۔ 2002ء میں ریجنل اکاؤنٹینٹ و ڈی جی ایم ترقی پاکر ناردرن ریجن تعینات ہوئے۔ 2006ء میں زونل ہیڈ گوجرانوالہ زون بنے۔ 2008ء میں جنرل منیجر کے عہدے پر ترقی پائی اور پرنسپل آفس میں شعبہ گروپ اینڈ پینشن ڈویژن کے امور تفویض کیے گئے۔ 2009ء میں جناب خضر حیات عامر کی وفات کے بعد انہوں نے ایف اینڈ اے ڈویژن کی نگرانی کی۔

جناب اذکار خان پُر اعتماد اور پیشہ ورانہ اعلیٰ صلاحیتوں کے مالک ہیں۔ انتظامیہ نے انہیں جو بھی فرائض منصبی دیئے، انہوں نے بطریق احسن انجام دیئے یہی ایک کامیاب انسان کی شناخت ہے۔ وہ کارپوریشن اور مارکیٹنگ فورس کے لیے کچھ کر گزرنے کا عزم رکھتے ہیں۔ انہوں نے مارکیٹنگ فورس کے نام ایک پیغام میں کہا ہے کہ وہ اپنی آرا اور مشوروں سے ضرور نوازیں۔

لاہور سینٹرل زون کی کاروباری سرگرمیاں

# اسٹیٹ لائف ہر میدان میں ترقی کی راہوں پر گامزن ہے، شاہد عزیز صدیقی

## لاہور زون سینٹرل کے زیر اہتمام رنگا رنگ تقریب تقسیم انعامات



لاہور سینٹرل زون کے زیر اہتمام کاروباری مقابلے کی تقریب میں ریجنل چیف سینٹرل چوہدری مدد علی انجم چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں۔ تصویر میں زونل ہیڈ جناب نجم الحسن اور جناب مبشر حنیف نمایاں ہیں

اسٹیٹ لائف کے چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی نے کہا ہے کہ ملک کا قومی ادارہ اسٹیٹ لائف ہر میدان میں ترقی کی راہوں پر گامزن ہے۔ کارپوریشن کی بہترین سرمایہ کاری کی وجہ سے بیمہ داروں کو اس کے فوائد پہنچ رہے ہیں۔ وہ گزشتہ دنوں لاہور سینٹرل زون کی تقریب "چیئرمین اسٹیٹ لائف کے ساتھ گرینڈ ڈنر، تقریب تقسیم انعامات" میں حاضرین سے خطاب کر رہے تھے۔

تقریب کے اختتام پر جناب شاہد عزیز صدیقی نے تمام مقابلہ جیتنے والوں کو مبارک باد پیش کی اور زونل ہیڈ جناب نجم الحسن کو شاندار کارکردگی پر خراج تحسین پیش کیا اور اس طرح کے مقابلہ جات جاری رکھنے پر بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

رپورٹ: محمد مبشر حنیف
سینٹرل زون لاہور



تقریب کے دوران اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے بیمہ کاروں کو چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی طغریٰ پیش کر رہے ہیں، اس موقع پر ریجنل چیف چوہدری مدد علی انجم اور زونل ہیڈ جناب نجم الحسن و دیگر بھی موجود ہیں

# اسٹیٹ لائف آفیسرز ایسوسی ایشن میر پور آزاد کشمیر زون کے انتخابات

جناب مقصود احمد چوہدری اسٹیٹ لائف آفیسر ایسوسی ایشن میر پور آزاد کشمیر کے نومنتخب عہدیداروں سے حلف وفاداری لے رہے ہیں





آفیسرز ایسوسی ایشن میر پور آزاد کشمیر کا حلف وفاداری کے بعد مہمان خصوصی جناب مقصود احمد چوہدری کے ساتھ گروپ فوٹو

اسٹیٹ لائف آفیسرز ایسوسی ایشن میر پور آزاد کشمیر زون کے انتخابات برائے سال 2011-2012 منعقد ہوئے جس میں جناب دلاور بخت (صدر)، جناب ساجد اقبال (نائب صدر)، جناب خالد حبیب (سیکریٹری جنرل)، جناب راشد محمود (جوائنٹ سیکریٹری) اور جناب شاہد اقبال (سیکریٹری فنانس) بلامقابلہ منتخب ہوئے۔ عہدیداران کی تقریب حلف برداری مری میں منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمان خصوصی ریجنل چیف (نارتھ) جناب مقصود احمد چوہدری تھے۔ اس تقریب میں زونل ہیڈ میر پور آزاد کشمیر جناب چوہدری محمد یوسف فاروقی، ایریا منیجر ایسوسی ایشن، فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن اور اسٹاف یونین کے عہدیداران نے بھی شرکت کی۔

فیصل آباد زون کی کاروباری سرگرمیاں

# جڑانوالہ کی فیلڈ فورس کے اعزاز میں خصوصی تقریب پذیرائی

شاندار کارکردگی دکھانے والے فیلڈ کارکنان کو موٹر سائیکل، واشنگ مشینز، ڈنر سیٹ، ٹی سیٹ اور سوٹ وغیرہ تقسیم کیے گئے


گزشتہ دنوں جڑانوالہ کے ایک مقامی ہوٹل میں سب زونل ہیڈ چوہدری محمد رشید کی جانب سے فیلڈ فورس کے اعزاز میں ایک شاندار تقریب منعقد ہوئی جس میں ماہ جون 2011ء میں شاندار کارکردگی دکھانے والے، تقریباً 400 کے قریب فیلڈ کارکنان کو مدعو کیا گیا۔ ریجنل چیف چوہدری مدد علی انجم اور زونل سربراہ جناب محمد رمضان شاہد اس تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ جڑانوالہ سب زون کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ ماہ جون 2011ء کے صرف 17 دنوں میں 53 لاکھ روپے کے بنیادی پریمیئم کے مقابلہ میں 59 لاکھ روپے کا ریکارڈ پریمیئم سال اول مکمل کیا۔ اس شاندار کارکردگی پر زونل سربراہ کی جانب سے تمام شرکاء کو مٹھائی تقسیم کی گئی۔

تقریب میں سب زونل ہیڈ چوہدری محمد رشید، ایریا منیجرز اور تمام فیلڈ فورس کو خراج تحسین پیش کیا گیا اور ہار پہنائے گئے شاندار کارکردگی دکھانے والے فیلڈ کارکنان کو موٹر سائیکل، واشنگ مشینز، ڈنر سیٹ، ٹی سیٹ اور سوٹ وغیرہ تقسیم کیے گئے۔ یہ تقریب اس عزم کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی کہ جڑانوالہ سب زون کارپوریشن کا زون بن کر ابھرے گا۔ آخر میں تمام شرکاء کو ضیافت دی گئی۔

دریں اثنا گزشتہ دنوں زونل سربراہ فیصل آباد زون جناب محمد رمضان شاہد نے پہلے کروڑ پتی سیلز منیجر اور پہلے ہاف کروڑ پتی سیلز منیجر برائے سال 2011ء کے اعزاز میں ایک خصوصی تقریب کا انعقاد مقامی ہوٹل میں کیا جس کے مہمان خصوصی ریجنل چیف چوہدری مدد علی انجم تھے۔ اس تقریب میں تمام سیکٹر ہیڈز، ڈپارٹمنٹل ہیڈز، ایریا منیجرز، ٹاپ 50 سیلز منیجرز اور ٹاپ 50 سیلز آفیسرز کو مدعو کیا گیا تھا۔ اس شاندار تقریب میں سیلز منیجر جناب رب نواز شاہ کو ایک کروڑ اور سیلز آفیسر مسز بشریٰ ملک کو آدھا کروڑ پریمیئم سال اول مکمل کرنے پر ہار پہنائے اور خراج تحسین پیش کیا گیا۔

زونل سربراہ جناب محمد رمضان شاہد نے اپنے خصوصی خطاب میں ان دونوں کی شاندار کارکردگی پر حوصلہ افزائی کی اور مقابلہ کی تفصیل دہراتے ہوئے یہ واضح کیا کہ جو ساتھی سیلز منیجر جولائی، اگست، ستمبر، اکتوبر اور نومبر 2011ء میں اپنا ایک کروڑ پریمیئم کرتے جائیں گے وہ بالترتیب 95 ہزار،

بقیہ اگلے صفحے پر



ریجنل چیف سینٹرل چوہدری مدد علی انجم، سب زونل ہیڈ چوہدری محمد رشید کو اعلیٰ کارکردگی پر مبارک باد پیش کر رہے ہیں



چوہدری مدد علی انجم اور جناب محمد رمضان شاہد، سیلز نمائندہ رانا نوید احمد کو سب زون جڑانوالہ میں بہترین کارگزاری پر موٹر سائیکل بطور انعام دے رہے ہیں، چوہدری محمد رشید، جناب بشیر احمد اور چوہدری عبدالحفیظ انجم بھی نمایاں ہیں



سب زون جڑانوالہ میں منعقدہ تقریب کے دوران اسٹیج کا منظر، ریجنل چیف چوہدری مدد علی انجم، زونل ہیڈ جناب محمد رمضان شاہد، چوہدری محمد رشید، جناب منظم علی منظم، جناب عبدالحفیظ انجم و دیگر نمایاں ہیں



ڈیرہ غازی خان زون کی فیلڈ فورس کے فیصل آباد زون کے دورے کے دوران ریجنل چیف ملتان جناب طاہر احمد خان، زونل سربراہ فیصل آباد جناب محمد رمضان شاہد اور زونل سربراہ ڈیرہ غازی خان زون ملک مختار احمد کا عشائیہ کے موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو

ڈیرہ غازی خان کی کاروباری سرگرمیاں

# ڈیرہ غازی خان زون کی فیلڈ فورس کا کاروباری مقابلہ جیتنے پر تفریحی دورہ

## جناب مقبول احمد راٹھ اور جناب سعید احمد خان جروار کا دوسری سہ ماہی میں مقابلہ کا اعلان

90ہزار، 85ہزار، 80ہزار اور 75ہزار کیش پرائز، 30ہزار اور 25ہزار کیش انعام کے حق دار بن جائیں گے۔ اب یہ آپ پر منحصر ہے کہ آپ کتنا انعام جیتنے کے خواہش مند ہیں۔

مہمان خصوصی چوہدری مدد علی انجم نے زونل سربراہ جناب محمد رمضان شاہد کو مذکورہ تقریب کا انعقاد کرنے پر مبارک باد دی۔ انہوں نے نہ صرف اس تقریب کی تعریف کی بلکہ گزشتہ سال سے ہونے والی تمام تقریبات کا ذکر کیا جس کی بنیاد پر فیصل آباد زون ترقی کی راہ پر گامزن ہے اور ان کی قیادت میں زون ڈیڑھ ارب روپے پریمیئم سال اول 2011ء میں مکمل کرنے میں کامیاب ہو جائے گا۔ انشاءاللہ۔

دریں اثنا ڈیرہ غازی خان زون کی جانب سے جاری کردہ مقابلہ ''سلام چوہدری محمد رمضان'' جیتنے کے بعد کوالیفائرز نے زونل ہیڈ ملک مختار احمد کی سربراہی میں فیصل آباد زون کا دو روزہ تفریحی دورہ کیا۔ جب موٹر گاڑیوں پر مشتمل یہ دستہ فیصل آباد پہنچا تو زونل سربراہ فیصل آباد جناب محمد رمضان شاہد نے تمام شرکا کو خوش آمدید کہا اور گلدستے پیش کیے اور ہار پہنائے۔

اگلے روز تمام مہمانان نے فیصل آباد زون کا دورہ کیا اور ڈپارٹمنٹس کی کارکردگی کو سراہا۔ اسی دن رات جناب محمد رمضان شاہد کی جانب سے ایک مقامی ہوٹل میں عشائیہ دیا جس میں



ریجنل چیف چوہدری مدد علی انجم سیلز منیجر جناب رب نواز کو ایک کروڑ پریمیئم سال اول مکمل کرنے پر ایک لاکھ روپے اور سیلز منیجر محترمہ بشریٰ ملک کو 50لاکھ پریمیئم سال اول مکمل کرنے پر 50ہزار کا کیش انعام دے رہے ہیں


ڈیرہ غازی خان زون کے کوالیفائرز کے علاوہ فیصل آباد زون کے نمایاں سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز اور سیلز منیجرز کو مدعو کیا گیا۔ ریجنل چیف ملتان جناب طاہر احمد خان کی آمد سے شرکاء کو ایک نیا ولولہ ملا۔ اس موقع پر زونل سربراہ جناب محمد رمضان شاہد نے فیصل آباد زون کی گزشتہ دس سالہ کارکردگی پر روشنی ڈالی۔

جب دونوں زونز کی نمایاں کارکردگی کے حامل فیلڈ فورس اکٹھی ہوئیں تو تفریحی دورہ ایک موٹی ویشن اور حوصلہ افزائی کی شکل اختیار کر گیا اور دونوں زونوں کے نوجوان ایریا منیجرز جناب مقبول احمد راٹھ اور جناب سعید احمد خان جروار کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔ جناب محمد رمضان شاہد زونل ہیڈ نے اپنی تقریر میں کہا کہ اگر دونوں کی کارکردگی کو ملا کر دیکھا جائے تو وہ بعض زونوں سے بھی زیادہ بزنس ملتا ہے جو کارپوریشن کے لیے ایک بہت بڑا اعزاز ہے۔

آخر میں دونوں ٹائیگرز جناب مقبول احمد راٹھ اور جناب سعید احمد خان جروار کے لیے دوسری سہ ماہی میں مقابلہ کا اعلان کیا گیا۔ جس میں نہ صرف زونز بلکہ آر سی آفسز کی طرف سے پرکشش انعامات کا اعلان ہوا۔

رپورٹ...... معظم علی معظم
اسسٹنٹ جنرل منیجر، فیصل آباد زون

# جناب یحییٰ چماڈیہ اور جناب انوار الحق ریٹائر ہو گئے



جناب اذکار خان، جی ایم مارکیٹنگ جناب یحییٰ چماڈیہ اور جناب انوار الحق کو ان کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر تحائف دے رہے ہیں



جناب ایس اے ایچ رضا ریٹائرڈ ڈی جی ایم یحییٰ چماڈیہ اور ریٹائرڈ ڈی جی ایم کمپیوٹر جناب انوار الحق کو پھول پیش کر رہے ہیں

ملتان ریجن کی کاروباری سرگرمیاں

# اسٹیٹ لائف فیلڈ ورکرز فیڈریشن آف پاکستان کی تقریب حلف برداری

## سینیٹر ملک صلاح الدین ڈوگر، ایم پی اے سید احمد مجتبیٰ گیلانی اور ریجنل چیف جناب طاہر احمد خان کی خصوصی شرکت

اسٹیٹ لائف فیلڈ ورکرز فیڈریشن آف پاکستان کے انتخابات کے بعد تقریب حلف برداری کا انعقاد بزرگوں اور اولیا کے خوبصورت شہر ملتان میں کیا گیا جس کے مہمان خصوصی سینیٹر ملک صلاح الدین ڈوگر اور ایم پی اے سید احمد مجتبیٰ گیلانی، انچارج وزیر اعظم کیمپ ملتان تھے۔ جبکہ گیسٹ آف آنر میں ریجنل چیف ملتان جناب طاہر احمد خان، زونل ہیڈ ملتان چوہدری اختر حسین، زونل ہیڈ فیصل آباد جناب رمضان شاہد، زونل ہیڈ ڈیرہ غازی خان جناب محمد مختار اعوان، سیکٹر ہیڈز، ایریا مینیجرز، فیلڈ کارکنان کے علاوہ اسٹاف سی بی اے، ایریا مینیجرز ایسوسی ایشن، آفیسرز ایسوسی ایشن و فیڈریشن سے متعلق کثیر تعداد میں شریک تھے۔ مقامی فائیو اسٹار ہوٹل کے ہال کو خوبصورت بینرز سے سجایا گیا تھا۔ فیڈریشن کے درج ذیل عہدیداران حلف برداری کے لیے اس باوقار تقریب میں شریک ہوئے، صدر محمد اصغر، سینئر نائب صدر محمد علی شیخ، نائب صدر اول عبدالقیوم خان، نائب صدر دوم، شاہ رخ خان، نائب صدر سوئم امانت اللہ بھٹی، نائب صدر چہارم محمد یوسف رانا، نائب صدر پنجم منظور سرحدی، نائب صدر ششم سید نور حسن شاہ، نائب صدر ہفتم سید دلاور حسین شاہ، سیکریٹری جنرل آغا سہیل کامران خان، ایڈیشنل سیکریٹری جنرل ساجد محمود شیخ، ڈپٹی سیکریٹری جنرل سید ناصر علی شاہ، جوائنٹ سیکریٹری اول چوہدری فیض رسول، جوائنٹ سیکریٹری دوم محمد اصغر باجوہ، جوائنٹ سیکریٹری سوم غلام شبیر کھوکھر، جوائنٹ سیکریٹری چہارم محمد اعظم جان، جوائنٹ سیکریٹری پنجم جان محمد لاکھو، جوائنٹ سیکریٹری ششم گدا حسین شاہ، جوائنٹ سیکریٹری ہفتم بشیر احمد شہباز، فنانس سیکریٹری قمر الزمان بٹ، انفارمیشن سیکریٹری اسلم پرویز، ایڈیشنل انفارمیشن سیکریٹری محمد جاوید قادر، چیف کوآرڈینیٹر راجہ محمد زمان، ریجنل کوآرڈینیٹر (ساؤتھ) راجہ مظفر حسین، ریجنل کوآرڈینیٹر (نارتھ) ڈاکٹر شیر محمد، ریجنل کوآرڈینیٹر (سینٹرل) سید حسن عباس حسینی، ریجنل کوآرڈینیٹر (ملتان) مرزا ناصر بیگ۔ صدر محمد اصغر نے اپنے خطاب میں کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو نے اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن بیواؤں اور یتیموں کی مدد کے لیے بنوائی۔ اگر ہمیں فری ہینڈ دیا گیا تو ہم 50 ارب سالانہ FYP بھی کر سکتے ہیں۔ ملک صلاح الدین ڈوگر (سینیٹر) نے آفس کا دورہ کیا اور کہا کہ اسٹیٹ لائف عوام کی شاندار خدمات کے ساتھ ملک و قوم کے وقار میں اضافے کا باعث بن رہی ہے۔ اس موقع پر ممبر صوبائی اسمبلی سید احمد مجتبیٰ گیلانی نے بھی منتخب کارکنوں کو حلف اٹھانے پر مبارک باد دی اور کہا کہ فیلڈ ورکرز عام پاکستانی کے لیے بے پناہ خدمات انجام دے رہے ہیں، جمہوری حکومت آپ کے ٹیکسز و دیگر مسائل حل کرے گی۔ آخر میں شرکاء کی تواضع ظہرانے سے کی گئی۔



تقریب کے دوران سینیٹر ملک صلاح الدین ڈوگر، ایم پی اے احمد مجتبیٰ گیلانی، ریجنل چیف جناب طاہر احمد خان، صدر فیلڈ ورکرز فیڈریشن جناب محمد اصغر، ریجنل کوآرڈینیٹر راجہ محمد زمان جبکہ عقب میں سید حسن عباس حسینی، محمد جاوید قادر، آغا سہیل کامران خان، سید ناصر علی شاہ، راجہ مظفر حسین، ساجد محمود شیخ، قمر الزمان بٹ، رفیق احمد، اسلم پرویز اور محمد علی شیخ نمایاں ہیں



اسٹیٹ لائف فیلڈ ورکرز فیڈریشن کی تقریب حلف برداری کا منظر



حاضرین تقریب حلف برداری۔ اس موقع پر زونل ہیڈز چوہدری اختر حسین اور جناب محمد رمضان شاہد و دیگر مہمانان نمایاں ہیں



رپورٹ......اسلم پرویز
سیکریٹری اطلاعات، فیلڈ ورکرز فیڈریشن

راولپنڈی زون کی سرگرمیاں

# آفیسرز ایسوسی ایشن راولپنڈی زون کے زیر اہتمام شاندار تقریب کا اہتمام

## ریجنل چیف جناب مقصود احمد چوہدری اور زونل ہیڈ جناب اظہر حسین کی اپنے اہلِ خانہ کے ہمراہ خصوصی شرکت

اسٹیٹ لائف آفیسرز ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ایک نہایت پررونق اور شاندار فیملی فنکشن کا اہتمام مقامی ہوٹل، راولپنڈی میں ہوا۔ جس میں سیکٹر ہیڈز گروپ اینڈ پینشن اور RED راولپنڈی زون نے اپنی فیملیز کے ساتھ شرکت کی۔ اس فنکشن کی خاص بات زونل سربراہ جناب اظہر حسین ریجنل چیف نارتھ مقصود احمد چوہدری کا اپنی فیملیز کے ساتھ تقریب کو رونق بخشنا تھا۔

اسٹیج سیکریٹری نے تمام آفیسران و فیملیز کا پرتپاک استقبال کیا اور پیارے ننھے منے بچوں کا بھی جنہوں نے اس تقریب کو چار چاند لگا دیئے۔

اس موقع پر جنرل سیکریٹری آفیسرز ایسوسی ایشن جناب جاوید حسین نے شرکائے محفل کو خوش آمدید کہا اور نہایت فخر سے اس بات کا بھی اعلان کیا کہ راولپنڈی زون کی تاریخ میں یہ پہلا موقع ہے کہ کسی ریجنل چیف نے اپنی فیملی کے ساتھ اس طرز کی تقریب میں شرکت کی ہو۔ اس موقع پر انہوں نے جناب مقصود احمد چوہدری کا بھی خصوصی شکریہ ادا کیا۔ جس طرح آفیسران راولپنڈی زون نے اپنے بیوی بچوں کے ساتھ اس میں شرکت کی اس پر ان کے بے حد مشکور ہیں۔

زونل سربراہ جناب اظہر حسین نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس فیملی فنکشن نے ہم سب کو مل بیٹھنے کا موقع فراہم کیا اور اتنی خوبصورت تقریب کا انعقاد کرنے پر میں آفیسرز ایسوسی ایشن کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے ریجنل چیف جناب مقصود احمد چوہدری کا بھی شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے اپنا قیمتی وقت دے کر اس تقریب کو رونق بخشی۔

جناب مقصود احمد چوہدری نے خوبصورت پیرائے میں اپنے خیالات کا اظہار کیا اور فنکشن کی تعریف کرتے ہوئے اور موقع کو غنیمت جانتے ہوئے زون کی مجموعی بزنس صورت حال کو بھی زیر بحث لائے۔ اس موقع پر انہوں نے کارپوریشن کی جانب سے افسران کے لیے کارکردگی کی بنیاد پر بونس 2010ء کے اعلان کی خوشخبری سنائی۔

اسٹیج سیکریٹری جناب اسد علی شاہ نے پروگرام کو آگے بڑھاتے ہوئے تمام فیملیز کا ایک بار پھر شکریہ ادا کیا اور شرکاء کی دلچسپی کو مدنظر رکھتے ہوئے حاضرین محفل کو بتایا کہ ہم نے بچوں کے لیے مفت آئس کریم، چپس اور چاکلیٹ کا انتظام کیا۔ جسے نہ صرف بچوں نے جی بھر کر کھایا بلکہ بڑوں نے بھی خوب انجوائے کیا۔

پاکستان کے مایہ ناز کامیڈین سعید انور کو اسٹیج پر آنے کی دعوت دی گئی جنہوں نے اپنی کامیڈی سے نہ صرف حاضرین کو معیاری تفریح فراہم کی بلکہ بچوں کی دلچسپی کا سامان لاتے ہوئے میجک شو کا اعلان بھی کیا تو بچوں کی کثیر تعداد اسٹیج کے گرد جمع ہوگئی۔

علاوہ ازیں رنگارنگ محفل میوزیکل شو، خواتین کے لیے مہندی کے اسٹال، پان کے اسٹال اور پرتکلف ڈنر کا بھی اہتمام کیا گیا۔

پروگرام کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبولؐ سے ہوا جبکہ اسٹیج سیکریٹری کے فرائض راقم الحروف نے انجام دیئے۔




رپورٹ......سید اسد علی شاہ
سینئر وائس پریذیڈنٹ



جنرل سیکریٹری آفیسرز ایسوسی ایشن جناب جاوید حسین ریجنل چیف نادرن مقصود احمد چوہدری کو پھول پیش کرتے ہوئے



صدر آفیسرز ایسوسی ایشن ڈاکٹر ساجد انور زونل ہیڈ راولپنڈی کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں



تحائف تقسیم کیے جا رہے ہیں



مہندی کے اسٹال کا ایک منظر



میجک شو پیش کیا جا رہا ہے

ملتان ریجن کی کاروباری سرگرمیاں

# ملتان ریجن کی شاندار کارکردگی پر کارپوریشن کو فخر ہے، ایس ایچ کاظمی

## ملتان ریجن کے زیر اہتمام کنونشن کا احوال



جناب ایس ایچ کاظمی کا جناب طاہر احمد خان کے ساتھ ایک یادگار فوٹو

اسٹیٹ لائف ملتان ریجن کے زیر اہتمام ریجنل کنونشن کا اہتمام کیا گیا۔ کنونشن کو چار چاند لگانے کے لیے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب ایس ایچ کاظمی، ریجنل چیف جناب طاہر احمد خان کی خصوصی دعوت پر اس میں شریک ہوئے۔

ملتان ریجن کے تمام سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز بھی اس کی رونق میں اضافے کا باعث بنے۔ تقریب کا آغاز کلام پاک سے ہوا۔ حمد و نعت کے بعد ریجنل چیف ملتان جناب طاہر احمد خان نے اپنے استقبالیہ خطاب میں تمام معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ کنونشن کا بنیادی مقصد ریجن کے تمام کامیاب سیکٹر ہیڈز اور ایریا منیجرز کو ان کی اعلیٰ کارکردگی پر خراج تحسین پیش کرنا ہے اور کہا کہ اس کنونشن کی بدولت جہاں ریجن بھر کے شرکاء کو ایک دوسرے کے تجربات سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملے گا وہاں ریجن کو مقابلہ کی فضا بھی میسر آئے گی اور چشم فلک دیکھے گی کہ پہلے کی طرح آئندہ بھی کامیابی کے نئے ریکارڈ ملتان ریجن کی طرف سے ہی ہوں گے اور ان محنتی اور جفاکش ایریا منیجرز کے ہوتے ہوئے مجھے قوی امید ہے کہ ہم ملتان ریجن کو کامیابیوں کے اس افق پر لے جائیں گے جس کا عزم ہم نے ریجن کا چارج سنبھالتے وقت کیا تھا۔ انہوں نے کارکنان کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلاشبہ یہ لوگ بیمہ زندگی کے ذریعے ایک عظیم خدمت سرانجام دے رہے ہیں جو یتیموں اور بیواؤں کے




جناب ایس ایچ کاظمی زونل ہیڈز چوہدری اختر حسین، جناب محمد انور شاہد، جناب زیڈ ایم کامران شمسی کو اعلیٰ کارکردگی پر ہار پہنا کر خراج تحسین پیش کر رہے ہیں
اس موقع پر ریجنل چیف جناب طاہر احمد خان بھی نمایاں ہیں

آنسوؤں کو زمین پر گرنے سے پہلے اپنے دامن میں سمیٹ لیتے ہیں اور اسٹیٹ لائف کے مشن کے عین مطابق کام کر کے بلاشبہ وطن عزیز اور اس کے عوام کی تعمیر و ترقی میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں۔ جناب طاہر احمد خان نے کہا کہ ملکی معیشت میں اسٹیٹ لائف کا کردار کسی تعارف کا محتاج نہیں، اللہ اس ادارے اور اس کے محنتی اور محبّ وطن افسران، اسٹاف ممبران، جوشیلے اور پرعزم فیلڈ ورکرز حضرات کو دن دوگنی، رات چوگنی ترقی دے اور وہ اسی طرح اپنے ہم وطنوں کو معاشی تحفظ دیتے رہیں، آمین۔

بعدازاں جناب ایس ایچ کاظمی نے اعلیٰ کارکردگی کے حامل کامیاب شرکا کو پھولوں کی مالا بھی پہنائی۔ انہوں نے اپنے صدارتی خطاب میں کہا کہ مجھے ملتان ریجن پر فخر ہے جس نے شاندار کارکردگی کی بدولت پہلے کوارٹر میں پاکستان میں نمبرون پوزیشن حاصل کی جس پر کارپوریشن کو فخر ہے۔ یہ سب طاہر احمد خان کی پیشہ ورانہ قیادت کا نتیجہ ہے۔ جس پر میں ان کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے خوشی محسوس کرتا ہوں۔ کنونشن کے اختتام پر تمام شرکاء نے ریجنل چیف کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اس قسم کی تقریب سے ہم اپنے کام میں ایک دوسرے سے مشاورت کی بدولت مزید نکھار لا سکیں گے۔ اس عزم کے ساتھ کہ ریجن کے تمام زون اپنے ریجن کو نمبرون لانے کے لیے کوشاں رہیں گے، کنونشن اختتام پذیر ہوا۔



رپورٹ...... حنا آفتاب
اسسٹنٹ منیجر، ملتان ریجن




# اسٹیٹ لائف کے نئے منصوبے ''کمیٹی پالیسی'' کا اجرا

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن نے نئے منصوبے کمیٹی پالیسی کا باقاعدہ اجرا کر دیا ہے۔ اس ضمن میں کارپوریٹ کمیونیکیشنز ڈپارٹمنٹ نے بیمہ زندگی کے پرنٹ میڈیا پر تشہیر کا اہتمام کیا۔

کمیٹی پالیسی نئے تقاضوں کے مطابق مختصر مدت کی بچت اور تحفظ کی اسکیم ہے جو صرف پاکستانی روپوں میں خریدی جا سکتی ہے جس کا پریمیئم سہ ماہی بنیادوں پر ہوگا۔

یہ پالیسی ان لوگوں کے لیے فائدہ مند ہے جو مختصر مدت کی سیونگ اور بچت چاہتے ہیں خصوصاً مڈل کلاس تنخواہ دار طبقہ یا محدود آمدنی والے لوگوں کے لیے موزوں ترین ہے۔ اس کا دورانیہ تین سال اور پانچ سال رکھا گیا ہے۔ یہ پالیسی وہ حضرات لے سکتے ہیں جن کی عمر 20 تا 50 سال کے درمیان ہے۔ مزید تفصیلات کمیٹی پالیسی کے بروشرز سے حاصل کی جا سکتی ہیں اور اسٹیٹ لائف کی ویب سائٹ بھی ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔ (تحفظ رپورٹ)

پشاور زون کی سرگرمیاں

# پشاور زون کا مردان سیکٹر اہم کاروباری مرکز ہے، مقصود احمد چوہدری

## ریجنل چیف نارتھ کی مردان کی میٹنگ میں شرکت



ریجنل چیف ناردرن ریجن جناب مقصود احمد چوہدری، زونل ہیڈ پشاور چوہدری محمد اعجاز کو اعلیٰ کارکردگی پر انعام دے رہے ہیں

گزشتہ دنوں پشاور زون کے مردان سیکٹر میں میٹنگ منعقد کی گئی۔

میٹنگ کی سربراہی ریجنل چیف نارتھ جناب مقصود احمد چوہدری نے کی اور پشاور زون کے زونل ہیڈ چوہدری محمد اعجاز، مردان سیکٹر کے لیڈر حاجی محمد خان، ایریا منیجر حاجی حضرت حسین، جناب راج ولی خان اور جناب افسر خان بھی میٹنگ میں شریک تھے۔ کارکردگی کے لحاظ سے مردان سیکٹر کی پشاور زون کے کاروبار میں نمایاں کارکردگی ہمیشہ برقرار رہی اور

ریجنل چیف جناب مقصود احمد چوہدری کے بذات خود دورے سے پوری فیلڈ فورس کے حوصلے بلند ہوئے۔ آرگنائزر کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے ریجنل چیف جناب مقصود احمد چوہدری نے کہا کہ فیلڈ فورس کے جوش اور جذبے کو اگر دگنا کر دیا جائے تو مردان سیکٹر پورے ریجن میں نمبر ون آ سکتا ہے۔ آخر میں آرگنائزرز نے خاطر خواہ اہداف لیے اور آئندہ ماہ شاندار کاروبار مکمل کرنے کا مصمم ارادہ کیا۔ آرگنائزر کا آپس میں چیلنج مقابلے جیتنے والوں کو زونل ہیڈ نے انعامات دیئے۔



ریجنل چیف ناردرن کے ساتھ سیکٹر ہیڈ حاجی محمد خان، زونل ہیڈ چودھری محمد اعجاز، ایریا منیجر حاجی راج ولی خان، جناب افسر خان اور حاجی حضرت حسین کا گروپ فوٹو



ریجنل چیف نارتھ جناب مقصود احمد چوہدری متوقع سیلز منیجر جناب محمد اسرار کو اعلیٰ کارکردگی پر ہار پہنا رہے ہیں، اس موقع پر حاجی محمد خان بھی نظر آ رہے ہیں

# جناب محمد سعید خان انتقال کر گئے



یہ خبر یقیناً انتہائی رنج و غم کا باعث ہے کہ زونل سربراہ سوات زون جناب محمد سعید خان گزشتہ دنوں داعی اجل کو لبیک کہہ گئے۔

انا للہ وانا الیہ راجعون

جناب محمد سعید خان نے مالاکنڈ ڈویژن سے گریجویشن کی۔ انہوں نے 1974ء میں اپنے کیریئر کا آغاز اسٹیٹ لائف میں بطور سیلز نمائندہ کیا۔ اپنی انتھک محنت اور دیانتدارانہ طرز عمل سے کلیدی حیثیت حاصل کی۔ ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو دیکھتے ہوئے سال 2006ء میں اسٹیٹ لائف کی انتظامیہ نے سوات کا زونل سربراہ مقرر کیا۔ یہ وہ دور تھا جب محمد سعید خان نے اپنی شب و روز محنت سے زون کے کاروبار کو اوج ثریا تک پہنچا دیا۔ انہوں نے اپنے حسن تدبر سے مارکیٹنگ فورس کو ترقی دی اور بیمہ زندگی کے پیغام کو گاؤں، گاؤں، قریہ قریہ پہنچایا۔ سب سے اہم بات یہ کہ انہوں نے فیلڈ میں محبت، یگانگت اور ہم آہنگی پیدا کی اور ان کے دور میں مارکیٹنگ فورس میں قابل رشک تبدیلی آئی جس کی بدولت سوات زون نے بے مثال کاروبار پر اعلیٰ انتظامیہ سے بہترین اعزازات حاصل کیے۔

سال 2009ء اور 2010ء میں سوات زون نے محمد سعید خان کی سربراہی میں سو فیصد سے زائد نہ صرف ٹارگٹ حاصل کیے بلکہ نیا کاروبار ہو یا تجدیدی پریمیئم، استحکام کاروبار کی بات ہو یا تجدیدی استحکام کاروبار کی شرح تناسب ہو، ہر جگہ اپنی کامیابیوں کے جھنڈے گاڑے ہیں۔

جناب محمد سعید خان یکم ستمبر 2011ء کو اس جہان فانی سے رخصت ہو گئے۔ انہوں نے پسماندگان میں بیوہ، چار بیٹیاں اور تین بیٹے سوگوار چھوڑے ہیں۔

اللہ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے، ان کے درجات بلند کرے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

تعزیت

# آہ...... جناب محمد عارف الیاس



اسٹیٹ لائف پرنسپل آفس کے شعبہ کارپوریٹ کمیونیکیشن ڈپارٹمنٹ (سی سی ڈی) کے ڈپٹی منیجر جناب محمد عارف الیاس گزشتہ دنوں مختصر علالت کے بعد کراچی میں داعی اجل کو لبیک کہہ گئے۔(اناللہ وانا الیہ راجعون)

مرحوم 1962ء میں کراچی میں پیدا ہوئے۔ کراچی یونیورسٹی سے بی ایس سی کرنے کے بعد انہوں نے اپنے کیریئر کا آغاز معروف ایڈورٹائزنگ ایجنسی میسرز یونائیٹڈ ایڈورٹائزنگ میں بحیثیت کلائنٹ سروس ایگزیکٹیو کیا۔1988ء میں اسٹیٹ لائف میں بحیثیت ایگزیکٹیو آفیسر ایڈورٹائزنگ اینڈ سیلز پروموشن



اسٹیٹ لائف کنونشن 2009ء کے موقع پر پی سی بھوربن میں جناب عارف الیاس کی اعلیٰ انتظامیہ کے ہمراہ یادگار تصویر (دائیں سے دوسرے نمبر پر)



مظفر احمد اور محمد ناصر کے ساتھ ایک یادگار تصویر

جس کا موجودہ نام کارپوریٹ کمیونیکیشن ہے، منسلک ہوگئے اور تادم آخر وہ اسی شعبہ سے وابستہ رہے۔ دوران ملازمت انہوں نے تعلیم کا سلسلہ جاری رکھا اور ایف ایل ایم آئی کے امتحانات پاس کرنے کے علاوہ ہمدرد یونیورسٹی سے ایم بی اے کی ڈگری بھی حاصل کی۔ ملازمت کے دوران مرحوم کو دو ترقیاں اسسٹنٹ منیجر اور ڈپٹی منیجر دی گئیں اور آخر میں بطور قائم مقام منیجر (سی سی ڈی) کام کررہے تھے۔

مرحوم اپنی قابلیت، شرافت، نیک سیرت و کردار، وضع داری کے باعث پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا کے علاوہ اشتہاری اداروں میں ہردل عزیز تھے۔

مرحوم ایک نہایت شریف النفس، محنتی اور فرض شناس افسر تھے۔ ان کی موت کے سبب کارپوریشن خصوصاً شعبہ کارپوریٹ کمیونیکیشن ایک قابل افسر سے محروم ہوگئی ہے۔ وہ اپنی دیگر دفتری ذمہ داریاں نبھانے کے علاوہ ''تحفظ'' کی مجلس ادارت میں بھی شامل رہے اور اس کی بصری اور معنوی خوبیاں اجاگر کرنے میں پیش پیش رہے۔ ان کی پیشہ ورانہ خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ مرحوم نے اپنے پیچھے بیوہ کے علاوہ ایک تین سالہ بیٹا اور تین بہنیں سوگوار چھوڑی ہیں۔

پرنسپل آفس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی ہوئی اور قرارداد تعزیت پیش کی گئی جس میں چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی، ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز جناب عبدالحفیظ شیخ، جناب شعیب میر میمن کے علاوہ ڈویژنل، ڈپارٹمنٹل ہیڈز، اسٹاف وافسران نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور مرحوم کی خوبیوں کو اجاگر کیا اور لواحقین سے گہری ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی گئی۔ پاکستان بھر کے اشتہاری اداروں اور اخبارات، ریڈیو اور ٹی وی چینلز سے تعلق رکھنے والے بے شمار ساتھیوں نے بھی سی سی ڈی کے ہیڈ مظفر احمد سے اظہار تعزیت کیا اور عارف الیاس کی رحلت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ان کی پیشہ ورانہ خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

تحفظ، مرحوم کی مغفرت کے لیے دعا گو ہے اور لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند کرے اور انہیں اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور ہم سب کو اور لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت واستطاعت دے۔(آمین)

## تعزیت

- پرنسپل آفس، ڈپٹی جنرل منیجر (انفارمیشن ٹیکنالوجی) جناب پرویز طاہر کی والدہ ماجدہ گزشتہ دنوں انتقال کرگئیں۔
- پرنسپل آفس انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ڈپٹی منیجر جناب طاہر عباس زیدی کی اہلیہ گزشتہ دنوں ابدی داغِ مفارقت دے گئیں۔
- پرنسپل آفس، پی ایچ ایس کے آفس اسسٹنٹ جناب محمد اظہر کی والدہ محترمہ داعی اجل کو لبیک کہہ گئیں۔
- کراچی سدرن زون کے سیکٹر ہیڈ جناب خلیل اشرف گزشتہ دنوں رضائے الٰہی سے انتقال کرگئے۔
- ساہیوال زون انچارج ایجنسی ایڈمنسٹریشن و ڈپٹی منیجر جناب ثناء اللہ خان بھی گزشتہ دنوں اس جہان فانی سے رخصت ہوگئے۔ مرحوم ہارٹ بائی پاس سرجری کے لیے پنجاب انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی لاہور میں داخل تھے۔


ادارہ تحفظ تمام مرحومین کے لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

انٹرویو: محمد اعظم شاکر

# دس کروڑ روپے کے نئے پریمیئم کا ہدف پورا کرنے کا عہد ہے، محمد صغیر

## سیالکوٹ زون کے پرعزم ایریا منیجر سے ایک ملاقات

جناب محمد صغیر کا تعلق سیالکوٹ زون سے ہے۔ گزشتہ 19 برسوں سے اسٹیٹ لائف مارکیٹنگ فورس سے وابستہ ہیں۔ 2008ء میں کارپوریشن میں واحد سیلز منیجر تھے جنہوں نے ایک کروڑ 25 لاکھ سے زائد کا نہ صرف پریمیئم سال اول حاصل کیا بلکہ 97 فیصد استحکامی شرح بھی حاصل کی۔ جناب محمد صغیر 2001ء سے مسلسل بڑے والیم کی بدولت کنونشن کوالیفائی کر رہے ہیں۔ ان کی پرسسٹینسی کبھی بھی 90 فیصد سے کم نہیں رہی۔ وہ اعلیٰ کارکردگی پر انتظامیہ سے متعدد گولڈ میڈلز، ٹرافیاں، سرٹیفکیٹس اور عمرہ ٹکٹ حاصل کر چکے ہیں۔ بھوربن کنونشن 2011ء کے دوران ان سے لیے گئے انٹرویو کا متن قارئین کی نذر ہے۔ (ایڈیٹر)



**تحفظ:** قارئین تحفظ کو اپنا تعارف کروائیے۔

**محمد صغیر:** میں علاقہ بجوات ضلع سیالکوٹ میں پیدا ہوا۔ متوسط گھرانے سے تعلق ہے۔ میٹرک تک تعلیم اپنے آبائی علاقہ سے حاصل کی۔ جی چاہتا تھا کالج میں داخلہ لوں والد صاحب کا سایہ سر سے اٹھ گیا اور تعلیم ادھوری رہ گئی اور 1985ء میں پرائمری اسکول ٹیچر کی جاب حاصل کر لی تاہم اندر کی خواہش پر میں نے تعلیم کا سلسلہ جاری رکھا۔ ایف اے، بی اے اور ایم اے کر لیا۔

**تحفظ:** آپ اسٹیٹ لائف میں کیسے آئے؟

**محمد صغیر:** ماسٹر کرنے کے بعد میں کوٹلی لوہاراں شفٹ ہو گیا۔ آرزو تھی کچھ بنوں۔ موقع کی تلاش میں تھا۔ میں نے دسمبر 1992ء میں بطور ایس آر اسٹیٹ لائف جوائن کر لی۔

**تحفظ:** اپنے کیریئر کے بارے میں کچھ بتائیے؟

**محمد صغیر:** اسٹیٹ لائف جوائن کرنے کے دو سال بعد 1995ء میں سیلز آفیسر بنا۔ پھر دو سال بعد یعنی 1997ء میں بطور سیلز منیجر ترقی پائی۔ خواہش تھی کہ بطور سیلز منیجر پاکستان میں پہلی پوزیشن حاصل کروں۔ میں نے جنون کی حد تک کام کیا اور یہ خواب 2008ء میں شرمندۂ تعبیر ہوا اور ایک کروڑ 26 لاکھ روپے کا پریمیئم حاصل کر کے اعلیٰ انتظامیہ سے گولڈ میڈل حاصل کیا بلکہ بھوربن میں اعلیٰ کارکردگی کی بنیاد پر انتظامیہ کے ہمراہ کیک کاٹا۔ اس اعلیٰ کارکردگی کی بنیاد پر 2009ء میں انتظامیہ نے مجھے ایریا منیجر پروموٹ کر دیا۔

**تحفظ:** اپنی پرسسٹینسی کے بارے میں بتائیے؟

**محمد صغیر:** پرسسٹینسی ہماری جان اور بقا ہے۔ اسی کی وجہ سے ہماری عزت ہے۔ اچھی پرسسٹینسی سے نہ صرف آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ کارپوریشن کو استحکام حاصل ہوتا ہے۔ میں ذاتی طور پر جتنی نئے پریمیئم کے لیے کوشش کرتا ہوں اس سے زیادہ رینیول پریمیئم کے لیے مہم چلاتا ہوں۔ اس طرح پرانے بیمہ داروں سے رابطہ بھی رہتا ہے اور انہی سے نیا پریمیئم بھی مل جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ میرے کاروبار کی استحکامی شرح ہمیشہ بلند رہی ہے۔ اس وقت بھی دوسرے سال کی استحکامی شرح تقریباً 94 فیصد ہے جبکہ رینیول پرسسٹینسی کی شرح 130.79 فیصد ہے۔ اگر ہمارے دوست اس پریکٹس کو دہرائیں تو میرے خیال میں ہماری پرسسٹینسی کسی بھی طرح کم نہیں ہو سکتی۔ مجھے تو سیکنڈ ایئر پریمیئم نہ ملے تو پہلا پریمیئم بوجھ لگتا ہے۔

**تحفظ:** آپ ریکروٹمنٹ کیسے کرتے ہیں اور اس وقت کتنے بیمہ کار آپ کے پاس کام کر رہے ہیں؟

**محمد صغیر:** کوالٹی ریکروٹمنٹ میری ترجیحات میں شامل ہے۔ کم از کم تعلیمی قابلیت میٹرک مگر ترجیحاً گریجویٹ کے ساتھ بااعتماد اور متاثر کن شخصیت کا حامل ہو۔ میں نے بہت سے لوگوں کی ریکروٹمنٹ کی ہے اور میرے بزنس کی ترقی کا راز بھی یہی ہے۔ اس وقت میرے پاس آٹھ سیلز منیجرز، 24 سیلز افسر اور 250 کے لگ بھگ سیلز نمائندے ہیں۔

**تحفظ:** آپ بیمہ کاروں کی موٹی ویشن اور نگہداشت کیسے کرتے ہیں؟

**محمد صغیر:** شاکر صاحب میں نے اسٹیٹ لائف کو اوڑھنا بچھونا بنایا ہے بلکہ اسے ماں کا درجہ دیا ہے اور کیوں نہ دوں دنیا کی ہر وہ آسائش جو انسان خواب میں دیکھتا ہے وہ اللہ کے فضل و کرم سے انشورنس کی آمدنی سے پور ہو رہے ہے۔ ہر انسان بچوں کا بہتر مستقبل چاہتا ہے۔ میرے دو بیٹے حسن ابدال کیڈٹ کالج میں زیر تعلیم ہیں۔ بڑے بیٹے نے ایف ایس سی میں بورڈ میں پوزیشن حاصل کی اور وزیر اعلیٰ پنجاب جناب شہباز شریف سے دو لاکھ روپے کا نقد انعام وصول کیا۔ اللہ نے بہترین گاڑی دی، بہترین گھر دیا یہ اللہ کا بڑا انعام ہے۔ میں یہ سب باتیں اپنے بیمہ کاروں کو موٹیویشن کے لیے بتاتا ہوں اور ان کی نگہداشت کے لیے بیمہ کاری کے طریقے بتاتا ہوں۔ ان کے دکھ سکھ میں شریک رہتا ہوں۔ جہاں انہیں دشواری پیش آتی ہے ان کی رہنمائی کرتا ہوں ایجنسی میٹنگ ہر ہفتے ہوتی ہے، ریویو میٹنگ بھی ہوتی ہے۔

**تحفظ:** کامیابیوں کے اس تسلسل میں آپ کی کوئی خواہش؟

**محمد صغیر:** میری ایک خواہش ہے۔ جیسے میں نے بحیثیت سیلز منیجر کل پاکستان بنیاد پر سبقت حاصل کی ہے، اسی طرح بحیثیت ایریا منیجر اپنے ساتھیوں میں کاروبار میں ٹاپ کروں۔ یہی وجہ ہے کہ اس سال میں نے اپنا ٹارگٹ دس کروڑ روپے رکھا ہے۔

**تحفظ:** کیا اسٹیٹ لائف کا جریدہ تحفظ آپ کے کاروبار میں کوئی مدد کرتا ہے؟

**محمد صغیر:** میں اسٹیٹ لائف کا جریدہ تحفظ باقاعدگی سے پڑھتا ہوں۔ اس جریدے کی وساطت سے مختلف زونوں کی کارکردگی دیکھ کر جوش و ولولہ پیدا ہوتا ہے۔ اس جریدے میں پاکستان کے تمام زونوں میں ادا شدہ کلیم مع تصویر شائع ہوتے ہیں جس میں ہماری فیلڈ فورس کو یہ چیز ثبوت کے طور پر مل جاتی ہے جس سے یقیناً بہت فائدہ ہوتا ہے۔ یہ جریدہ کارپوریشن کے کاروبار میں اضافہ کا سبب بن رہا ہے۔ ڈیزائننگ، میٹریل اور ترتیب کے لحاظ سے تحفظ بلاشبہ کسی بھی غیر ملکی ہاؤس، جرنل سے کم نہیں ہے۔ مضامین کی تعداد کم ہے، اسے بڑھایا جائے۔

**تحفظ:** آپ بیمہ کاروں کو کوئی پیغام دینا چاہتے ہیں؟

**محمد صغیر:** میں بطور آرگنائزر یہی پیغام دینا چاہوں گا کہ میرے ملک کے لوگ انشورنس میں ناخواندہ ہیں۔ انہیں مشن سمجھ کر خواندہ کیجیے تاکہ سورج غروب ہونے سے پہلے کوئی روشنی کا بندوبست کر لیں اور اپنے مستقبل کو محفوظ کر لیں اور یہ روشنی اور محفوظ مستقبل صرف اور صرف اسٹیٹ لائف اپنانے میں ہے۔



# تصویری خبرنامہ



فیصل آباد میں منعقدہ ہیلتھ انشورنس کے اجلاس سے چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی اور بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے مینجنگ ڈائریکٹر جناب محمد شیر خان بریفنگ دیتے ہوئے، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب سید ارشد علی، ریجنل چیف سینٹرل جناب مدد علی انجم، ڈویژنل ہیڈ گروپ اینڈ پینشن ڈویژن جناب ندیم بیسی، ڈویژنل ہیڈ ایکچوریل جناب فیصل ممتاز اور جنرل منیجر (میڈیکل) محترمہ ڈاکٹر غزالہ نفیس محو سماعت ہیں





پرنسپل آفس میں منعقدہ چارٹر آف ڈیمانڈ کی تقریب سے جناب شاہد عزیز صدیقی، جناب عبدالحفیظ شیخ، جناب عطاء اللہ اے رشید اور جناب شاہد وحید خطاب کر رہے ہیں



ساہیوال زون: اسٹیٹ لائف فیلڈ ورکرز فیڈریشن آف پاکستان کا نائب صدر منتخب ہونے پر جناب محمد یوسف، رانا قمر عباس بٹ، جناب صدیق اکبر، جناب ظفر انجم، جناب سیف الرسول خطاب کر رہے ہیں



گجرات زون: آفیسر ایسوسی ایشن کے قیام کے بعد زونل ہیڈ چوہدری عبدالناصر عہدیداران سے حلف لے رہے ہیں



ریجنل چیف سدرن سید حسن رضا کراچی میں سدرن ریجن کی ایک میٹنگ سے خطاب کر رہے ہیں



# تصویری خبرنامہ



عیدملن تقریب میں چیئرمین جناب شاہدعزیزصدیقی کیک کاٹ رہے ہیں، اس موقع پر ایگزیکٹیوڈائریکٹرز اور دیگر سینئر افسران موجود ہیں



چوہدری مدد علی انجم، ایریا منیجر جناب مقبول احمد راٹھ کو صرف ماہ جون میں ایک کروڑ پچپن لاکھ روپے پریمیئم سال اول حاصل کرنے پر خراج تحسین پیش کر رہے ہیں اس موقع پر جناب محمد رمضان شاہد بھی نمایاں ہیں



اسٹیٹ لائف پرنسپل آفس کراچی میں منعقدہ عیدملن تقریب سے چیئرمین جناب شاہدعزیزصدیقی خطاب کر رہے ہیں



لاہور سینٹرل زون کے زیر اہتمام ایم ایم ایس کورس کے اختتام پر لیا گیا شرکاء کا گروپ فوٹو۔ تصویر میں مہمان خصوصی ڈائریکٹر جنرل پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ فلائٹ لیفٹیننٹ شیخ محمد صدیق، اعزازی مہمان ڈی جی ایم و پرنسپل ٹریننگ اکیڈمی سینٹرل ریجن شیخ زاہد امام، زونل ہیڈ لاہور ویسٹرن زون جناب داؤد اے ناصر اور کورس لیڈر جناب طارق محمود نمایاں ہیں



سید ارشد علی ایگزیکٹیوڈائریکٹر (مارکیٹنگ) اپنے دورہ سینٹرل ریجن لاہور میں جناب محمد رمضان شاہد زونل ہیڈ فیصل آباد زون کو شاندار کارکردگی پر مبارک باد دیتے ہوئے



سیالکوٹ زون کے نارووال سیکٹر میں فاؤنڈیشن کورس کے اختتام پر لیا جانے والا گروپ فوٹو، انچارج ایف ایم ڈی و منیجر اسٹیٹ لائف سید فاخر حسین رضوی درمیان میں نمایاں ہیں

# اسٹیٹ لائف میدان عمل میں



ایبٹ آباد زون: زونل سربراہ جناب عبدالستار جاوید، مرحوم محمد کلیم خان جدون کے بیٹے کو مبلغ 50 لاکھ 51 ہزار 200 روپے کا ڈیتھ کلیم چیک پیش کر رہے ہیں، تصویر میں سیکٹر ہیڈ شفقت حسین جعفری، سابقہ سیلز منیجر غلام غوث خان اور ایریا منیجر نیاز محمد علوی اور دیگر نمایاں ہیں




میر پور آزاد کشمیر زون کا سب سے بڑا کلیم چوہدری محمد یوسف فاروقی زونل ہیڈ مرحوم چوہدری محمد صابر کے بیٹے کو مبلغ -/3022500 روپے کا ڈیتھ کلیم چیک دے رہے ہیں، اس کے علاوہ سالانہ بنیاد پر 2 لاکھ سے زیادہ F.I.B. کی مد میں بھی رقم ملتی رہے گی، تصویر میں سیکٹر ہیڈ ساجد اقبال بھی نظر آ رہے ہیں



میر پور خاص زون: جناب شانو رداس، سیلز آفیسر کوٹ غلام محمد میں بیمہ دار مرحوم محمد افضل کے بھائی کو مبلغ 390000 روپے کا ڈیتھ کلیم چیک پیش کر رہے ہیں، FIB اسکیم کے تحت انہیں سالانہ -/45000 روپے دیئے جائیں گے اس موقع پر ایریا منیجر جناب تاج محمد بھٹی اور سیلز منیجر شنکر لال بھی نمایاں ہیں



حیدر آباد زون: زونل سربراہ جناب دُر محمد بالادی، ڈاکٹر شکیل احمد خان کو پالیسی کی مدت مکمل ہونے پر مبلغ -/361,300 روپے کا میچورٹی کلیم چیک دے رہے ہیں، تصویر میں سیکٹر ہیڈ غازی عباس، جناب غلام قادر بالادی، سیلز منیجر جناب محمد شریف اور سیلز نمائندہ جناب محمد یوسف بھی نمایاں ہیں



ملتان زون: سیلز منیجر جناب نصیر احمد خان (مرحوم) کی بیوہ کو ڈیتھ کلیم کی مد میں زونل ہیڈ چوہدری اختر حسین مبلغ 12 لاکھ روپے کا گروپ انشورنس کا چیک پیش کر رہے ہیں، تصویر میں سیکٹر ہیڈ جناب امتیاز بخاری، جناب فرخ رضا باجوہ، ایریا منیجر جناب ارشد سجاد اور ایجنسی انچارج جناب محمد جاوید فاروقی نظر آ رہے ہیں



لاہور ویسٹرن زون کے ایریا منیجر محمد ارشد چوہدری مرحوم بیمہ دار محمد عتیق کی بیمہ پالیسی کا ڈیتھ کلیم چیک مبلغ -/261667 روپے ان کی بیوہ کو پیش کر رہے ہیں، محمد اسلم سیلز منیجر اور شمشاد عباس سیلز نمائندہ بھی تصویر میں نمایاں ہیں



فیصل آباد زون: سیلز منیجر رمضان علی بسرا اور سیلز آفیسر سید محمد طاہر شاہ جناب ظفر گل مرحوم کی بیوہ مسز یاسمین ظفر کو 3 لاکھ 25 ہزار 4 سو 17 روپے مالیت کا ڈیتھ کلیم چیک پیش کر رہے ہیں



پشاور زون: محمد افسر خان ایریا منیجر (مرحوم) تخت بھائی مردان میں امان اللہ NBP منیجر کے بیٹے کو مبلغ 792300 روپے کا ڈیتھ کلیم چیک پیش کر رہے ہیں تصویر میں سیلز نمائندہ مقصود اور اسد خان بھی نمایاں ہیں

# اسٹیٹ لائف میدان عمل میں



گجرات زون: ایریا منیجر جناب مختار احمد وڑائچ، بیمہ دار مرحوم مظفر حسین کے ورثاء کو مبلغ 1,365,879روپے کا چیک ادا کرتے ہوئے



ملتان زون: ایریا منیجر جناب ظفر اقبال، بیمہ دار مرحوم محمد نصیر کی بیوہ محترمہ شگفتہ پروین کو ڈیتھ کلیم کی مد میں مبلغ 42لاکھ روپے کا کلیم چیک پیش کر رہے ہیں، اس موقع پر جناب آفتاب گجر، جناب اے آر لغاری، چوہدری اکرم اور جناب محمد سلطان نمایاں ہیں



کوئٹہ زون: زونل ہیڈ کوئٹہ زون کنہیا لال شاہین، آنجہانی رمیش کمار کی بیوہ کو مبلغ دس لاکھ پچیس ہزار روپے کا ڈیتھ کلیم چیک دے رہے ہیں، ان کے ہمراہ ایریا منیجر محمد حنیف اور سیلز منیجر رمیش لعل بھی موجود ہیں



اسلام آباد زون: ایریا منیجر گلگت بلتستان جناب جعفر حسین، مرحوم بیمہ دار ڈاکٹر افتخار کے بیٹے جناب فرحان افتخار کو ڈیتھ کلیم کی مد میں مبلغ -/936,000روپے کا چیک پیش کر رہے ہیں



پشاور زون: اسٹیٹ لائف کے سیلز افسر جناب اعظم خان محسود، مرحوم بیمہ دار جناب مہربان کی وفات پر ان کی والدہ محترمہ گل بانو کو پالیسی کا چیک مبلغ -/561,600روپے دے رہے ہیں۔ سیلز منیجر جناب اسد خان، ایریا منیجر جناب عظیم اکبر بھی موجود ہیں



راولپنڈی زون: اسٹیٹ لائف کے ایریا منیجر چوہدری جاوید اقبال، مرحوم بیمہ دار کے وارث چوہدری محمد اکبر کو ڈیتھ کلیم کی مد میں -/671,000روپے کا چیک پیش کر رہے ہیں، اس موقع پر سیلز منیجر منیر حسین قریشی اور سیلز افسر جناب بشیر احمد راہی بھی موجود ہیں



کراچی سدرن زون: زونل ہیڈ جناب اقبال گل، آنجہانی مائیکل عمانوایل کی بیمہ پالیسی کا ڈیتھ کلیم چیک مبلغ 136,600روپے ان کے بھائی انتھونی عمانوایل کے حوالے کر رہے ہیں، اس موقع پر سیلز آفیسر جناب شفیق بھٹی اور دیگر نمایاں ہیں



ساہیوال زون: ایریا منیجر میاں محمد افضل کمیانہ پالیسی ہولڈر محمد ارشد علی کی وفات پر ان کے والد کلیم محمد انور کو ڈیتھ کلیم کی مد میں -/410,000روپے کا چیک پیش کر رہے ہیں

# اسٹیٹ لائف

## مسلسل تیسرے برس بھی

## AAA ریٹنگ

## پانے والی پاکستان کی واحد انشورنس کارپوریشن

AAA ریٹنگ، بیمۂ زندگی کے کسی ادارے کو ملنے والا پہلا اعزاز جو ہمارے کاروباری استحکام، بہترین انتظامی صلاحیت، مربوط نظامِ کار اور بیمہ داروں سے معاہدوں کی پاسداری اور محفوظ سرمایہ کاری پورٹ فولیو کی بدولت حاصل ہوا ہے۔

پاکستان کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی (PACRA) کے مطابق اسٹیٹ لائف پیشہ ورانہ مہارت کے باعث مالی نقصانات کے تمام خطرات سے آزاد ہے۔

اس قابلِ فخر اعزاز پر اسٹیٹ لائف کی اعلیٰ انتظامیہ اپنے بیمہ داروں کے غیر متزلزل اعتماد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے تمام افسران، ملازمین اور مارکیٹنگ فورس کو خراجِ تحسین پیش کرتی ہے۔

اسٹیٹ لائف کی بیمہ پالیسی - ایک تابندہ روایت نسل در نسل

اسٹیٹ لائف

انشورنس کارپوریشن آف پاکستان

www.statelife.com.pk

ARGUS